بسم اللہ الرحمن الرحیم

# کسی کو شیطان کہنے کا حکم

دارالافتاء اہلسنت (دعوت اسلامی)

## سوال

ایک آدمی نے بلاوجہ شرعی اپنی بیوی کو شیطان کہا ہے، جس سے بیوی کی بہت دل آزاری ہوئی ہے، تو کیا اس کا ایسا کہنا جائز ہے؟

## جواب

بلاوجہ شرعی کسی مسلمان کو شیطان کہنا جائز نہیں، کہ اس میں مسلمان کی دل آزاری ہے، اور مسلمان کی دل آزاری کرنے پر حدیث پاک میں سخت وعید بیان کی گئی ہے، اور اس طرح کہنے میں اسے برے القاب سے پکارنا ہے، جبکہ قرآن کریم میں برے القاب دینے کو منع فرمایا ہے، لہذا شوہر کو چاہیے کہ اس سے توبہ کرے، بیوی سے معافی بھی مانگے، اور آئندہ بلاوجہ شرعی یوں کہنے سے اجتناب کرے۔

قرآن کریم میں ارشاد خداوندی ہے: ﴿وَلَا تَنَابَزُوْا بِالْاَلْقَابِ﴾ ترجمہ کنزالعرفان: اور ایک دوسرے کے برے نام نہ رکھو۔ (پارہ 26، سورۃ الحجرات، آیت 11)

اس کے تحت علامہ ابن رسلان رحمۃ اللہ علیہ لکھتے ہیں: "﴿وَلَا تَنَابَزُوا بِالْأَلْقَابِ﴾ أي: لا يدعو أحدهم أخاه بما يكرهه من الألقاب ولا يحد دله لقبًا ينقصه ويعيبه" ترجمہ: یعنی کوئی اپنے بھائی کو ایسے لقب سے نہ پکارے جو اسے برا لگے، اور نہ ہی اسے ایسا لقب دے، جو اس کی تنقیص کرے اور اس میں عیب نکالے۔ (شرح سنن ابی داود، جلد 19، صفحہ 78، مطبوعہ: مصر)

الفردوس بماثور الخطاب میں ہے "من آذى مُسلما بِغَيْر حق فَكَأَنَّمَا هدم بَيت الله الْحَرَام عشر مَرَّات وَهدم بَيت الْمَعْمُور فِي السَّمَاء عشر مَرَّات وَكَمن قتل ألف ملك من مقربي الْمَلَائِكَة" ترجمہ: جس نے کسی مسلمان کو بغیر وجہ شرعی کے اذیت دی تو گویا اس نے اللہ کے حرمت والے گھر کو دس مرتبہ گرایا اور آسمان میں موجود بیت المعمور کو دس مرتبہ گرایا، نیز گویا اس نے مقرب ملائکہ میں سے ہزار فرشتوں کو قتل کیا۔ (الفردوس بماثور الخطاب، جلد 3، صفحہ 618، دار الکتب العلمیۃ، بیروت)

امام اہلسنت، امام احمد رضا خان علیہ الرحمۃ لکھتے ہیں: "گمراہ بددین کو شیطان کہا جاسکتا ہے اور اسے بھی جو لوگوں میں فتنہ پردازی کرے، ادھر کی ادھر لگا کر فساد ڈلوائے، جو کسی کو گناہ کی ترغیب دے کر لے جائے وہ اس کا شیطان ہے، اور مومن صالح کو شیطان کہنا شیطان کا کام ہے۔" (فتاویٰ رضویہ جلد 13، صفحہ 656، رضا فاؤنڈیشن، لاہور)

وَاللہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَرَسُوْلُہ اَعْلَم صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

مجیب: مولانا محمد ابو بکر عطاری مدنی

فتوی نمبر:WAT-5226

تاریخ اجراء:27محرم الحرام1448ھ/13جولائی2026ء

Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)

www.fatwaqa.com daruliftaahlesunnat DaruliftaAhlesunnat

Dar-ul-ifta AhleSunnat feedback@daruliftaahlesunnat.net